

اہم حقائق

جرسی سٹی میں پلاسٹک کے تھیلوں پر پابندی

واحد استعمال والے پلاسٹک کے تھیلوں اور ناقابل باز احیاء کاغذی تھیلیوں پر جرسی سٹی کی پابندی کا آغاز 28 جون، 2019 سے ہو رہا ہے۔

یہ پابندی تمام خردہ فروشوں کو متاثر کرے گی

بشمول کریانہ دکان، ریستوراں، چھوٹی دکانیں، فارمیسیز، کپڑے کی دکانیں، ہارڈ ویئر کی دکانیں، بیئر اور شراب کی دکانیں اور ہر وہ خردہ فروش دکان شامل ہے جو فروخت کے وقت گاہکوں کو پلاسٹک کے تھیلے فراہم کرتی ہیں۔

اس پابندی کا مقصد

کوڑے میں کمی کرنا، ماحول کو محفوظ رکھنا، اور جن تھیلوں کا باز احیاء مشکل ہے انہیں ہمارے کوڑے کے دھارے سے باہر رکھنا۔

پابندی کے بارے میں

کن تھیلوں پر پابندی لگی ہے؟

آرڈیننس کا اطلاق واحد استعمال والے تھیلوں پر ہوتا ہے جو خردہ فروش دکانوں میں فروخت کے وقت دیے جاتے ہیں۔

- 2.25 mils یا کم کی دبازت والے تمام ہلکے وزن والے پلاسٹک کے تھیلے، بشمول "حیوی تحلیل پذیر پلاسٹک" اور "کمپوسٹیبل پلاسٹک" کے تھیلے۔
- ناقابل باز احیاء کاغذی تھیلے اور تمام کاغذی تھیلے جن میں جن میں صارف کے استعمال کے بعد کم از کم 40% قابل باز احیاء مادہ موجود نہیں ہے۔

کن تھیلوں کی اجازت ہے؟

دوبارہ قابل استعمال تھیلوں کی اجازت تب ہوگی جب ان کی دبازت کم از کم 2.25 mils ہو انہیں کم از کم 125 بار استعمال کیا جاسکتا ہو، اور اس کی صفائی کی جاسکتی ہو۔

پابندی کا اطلاق درج ذیل تھیلوں پر نہیں ہوتا ہے:

- خردہ پیداوار یا تھوک آئٹم والے تھیلے
- لانڈری/ڈرائی کلیننگ کے تھیلے
- اخبارات کے تھیلے
- منجمد غذا، گوشت، یا مچھلی کو لپیٹنے کے لیے استعمال ہونے والے تھیلے
- نسخے کی دوائیں لے جانے کے لیے فارمیسی کے ذریعہ فراہم کردہ تھیلے
- کوڑا، پالتو جانوروں کا فضلہ، یا صحن کے کچرے کے تھیلے
- فوڈ ٹرکس کے ذریعہ فراہم کردہ تھیلے

کاغذی تھیلوں کی اجازت ایسی صورت میں ہے اگر وہ 100% قابل باز احیاء ہوں اور ان میں صارف کے استعمال کے بعد کم از کم 40% قابل باز احیاء مادہ موجود ہو (یہ تھیلے پر لکھا ہونا ضروری ہے)۔

WWW.JCMAKEITGREEN.ORG
WWW.JERSEYCITYNJ.GOV

اہم حقائق

جرسی سٹی میں پلاسٹک کے تھیلوں پر پابندی (جاری)

پابندی کب سے مؤثر ہوگی؟

جرسی سٹی پلاسٹ کے تھیلے پر پابندی 28 جون، 2019 سے مؤثر ہوگی۔ خردہ فروشوں کو 28 جون، 2019 تک ممنوعہ تھیلوں کو مرحلہ وار بند کرنے کی تیاری کرنی چاہیے۔

پابندی کا نفاذ کیسے کیا جائے گا؟

28 جون، 2019 کے بعد گاہکوں کو ممنوعہ تھیلے فراہم کرنے والے خردہ فروشوں پر فی جرم کم از کم $100 کا جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
صارفین اور گاہک کسی بزنس کے ذریعہ ممنوعہ تھیلوں کے استعمال کے شبہ کی اطلاع SeeClickFix.com/Jersey-City پر دے سکیں گے۔

پابندی کا بندوبست

جرسی سٹی کے تھیلوں پر پابندی کا اثر ان خردہ فروشوں پر پڑے گا جو ابھی فروخت کے وقت گاہکوں کو ہلکے واحد استعمال والے پلاسٹک کے تھیلے یا ناقابل باز احیاء کاغذی تھیلے فراہم کرتے ہیں۔ اگر آپ ابھی غیر تعمیلی تھیلے استعمال کر رہے ہیں تو، آپ کو اگلے چند مہینوں میں منصوبہ بنانے، تیاری کرنے، اور تبدیلیاں کرنے کی ضرورت ہوگی۔

خردہ فروشوں کو اب کیا جاننے کی ضرورت ہے:

1. متبادل اختیارات پر غور کریں

دکاندار ابھی بھی گاہکوں کو متبادل تھیلے فراہم کرسکتے ہیں (قیمت پر یا مفت) یا گاہک اپنا تھیلا لے کر آسکتے ہیں۔ ہر کاروبار کی اپنی منفرد ضروریات اور لاگتیں ہوتی ہیں، اور آپ کو اپنے کاروبار کے لیے بہترین طویل مدتی اختیار پر غور کرنا چاہیے، جیسے کہ:

- تھیلے کی پیشکش بالکل بھی نہ کرنا
- کاغذ یا دفتی کے تھیلے
- بُنے ہوئے یا کپڑے کے تھیلے
- بھاری وزن والے دوبارہ قابل استعمال پلاسٹک کے تھیلے
- مذکورہ بالا کی ملی جلی شکل

2. موجودہ سٹاک کو مرحلہ وار ختم کرنا

خردہ فروشوں کو یہ یقینی بنانے کے لیے اپنی خریداری کو موافق بنانا چاہیے کہ وہ غیر تعمیلی تھیلوں کے ذخیرے کو 28 جون، 2019 تک ختم کرلیں۔ اگر خردہ فروش 28 جون، 2019 کے بعد گاہکوں کو ممنوعہ تھیلے فراہم کرتے ہیں تو انہیں جرمانے کا سامنا کرنا ہوگا۔

3. اپنی ٹیم کو تربیت دیں

آپ کے کاروبار میں پابندی کا بندوبست کرنے کا ایک انتہائی اہم عنصر اپنی ٹیم کو تیار کرنا اور تربیت دینا ہے، خاص طور پر انہیں جن کا مستقل رابطہ گاہکوں سے رہتا ہے، جیسے کہ چیک آؤٹ آپریٹرز اور کسٹمر سروس کا عملہ۔ آپ کے ذریعہ پیش کردہ تھیلے کے متبادل کے لحاظ سے، آپ کو پیکنگ کے طریق کار، فروخت والی جگہوں اور نمائش، یا دیگر اعمال میں تبدیلیوں پر بھی غور کرنا پڑ سکتا ہے۔

4. اپنے گاہکوں کو آگاہ کریں

جرسی سٹی موسم بہار 2019 میں گاہکوں کو پابندی سے آگاہ اور تیار کرنے کے لیے ایک تعلیمی مہم چلائے گی، تاہم خردہ فروشوں کو گاہکوں کے سوالات اور اعتراضات کا سامنا اور ان کا ازالہ کرنے کے لیے تیار رہنے کی ضرورت ہوگی۔ **رہنمائی اور علامات اس پتے پر سٹی کی ویب سائٹ پر موجود ہیں www.jerseycitynj.gov/bag-ban۔**

جرسی سٹی مکینوں کو دوبارہ قابل استعمال تھیلوں کی محدود تعداد فراہم کرے گی۔ مزید معلومات کے لیے آفس آف سسٹینیبیلیٹی کی میلنگ لسٹ میں اس پر شرکت کریں **JCMakeItGreen.org۔**